بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ایمان اور عملِ صالح لازم وملزوم ہیں!

وَبَشِّرِ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ كُلَّمَا رُزِقُوا مِنْهَا مِن ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوا هَٰذَا الَّذِي رُزِقْنَا مِن قَبْلُ ۖ وَأُتُوا بِهِ مُتَشَابِهًا ۖ وَلَهُمْ فِيهَا أَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۖ وَهُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٥﴾

اور (اے پیغمبر) جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کیئے ان کو خوشخبری سنادو کہ ان کے لئے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ جب وہاں کا کوئی پھل انہیں کھانے کو دیا جائے گا تو وہ کہیں گے کہ یہ تو پہلے بھی (کھانے کے لئے) مل چکا ہے اور (یہ اس لئے کہیں گے کہ) ان کے مشابہ پہلے (دنیا میں) ان کو ملے ہوں گے۔ ان کے لئے وہاں پاکیزہ بیویاں ہوں گی اور وہ ان (باغوں) میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے۔

قرآن، سورت البقرۃ، آیت نمبر 25

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٨٢﴾

اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کیئے تو ایسے ہی لوگ جنتی ہیں (اور) وہ ہمیشہ (ہمیشہ) جنت ہی میں رہیں گے۔

قرآن، سورت البقرۃ، آیت نمبر 82

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٢٧٧﴾

(ہاں مگر) جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کیئے اور جو نماز قائم کرتے اور زکوٰۃ ادا کرتے رہے تو ان کا اجر ان کے رب کے پاس ہے اور ان پر (آخرت میں) نہ تو کسی قسم کا خوف (طاری) ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

قرآن، سورت البقرۃ، آیت نمبر 277

وَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيهِمْ أُجُورَهُمْ ۗ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ ﴿٥٧﴾

اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے تو ان کے اجر ان کو پورے پورے دیئے جائیں گے اور (خوب جان لو کہ) اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔

قرآن، سورت آلِ عمران، آیت نمبر 57

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ لَّهُمْ فِيهَا أَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۖ وَنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيلًا ﴿٥٧﴾

اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام (بھی) کئے ہم ان کو (بہشت کے) ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی (اور وہ) ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ ان (باغوں) میں ان کے لئے پاکیزہ بیویاں ہوں گی اور ہم انہیں گھنی چھاؤں میں رکھیں گے۔

قرآن، سورت النساء، آیت نمبر 57

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ وَعْدَ اللَّهِ حَقًّا ۚ وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللَّهِ قِيلًا ﴿١٢٢﴾

مگر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام (بھی) کئے تو ہم انہیں (بہشت کے) باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی (اور وہ) ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ (ان کے ساتھ یہ) اللہ کا سچا وعدہ ہے اور اللہ سے بڑھ کر بات کا سچا (اور) کون (ہوگا)۔

قرآن، سورت النساء، آیت نمبر 122

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيهِمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدُهُم مِّن فَضْلِهِ ۖ

پھر جو لوگ ایمان لائے ہوں گے اور انہوں نے نیک کام (بھی) کئے ہوں گے تو وہ ان کو ان (کی نیکیوں) کا پورا پورا اجر دے گا اور اپنے فضل سے (اس میں) زیادتی فرمائے گا۔

قرآن، سورت النساء، آیت نمبر 173

وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۙ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ عَظِيمٌ ﴿٩﴾

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے (تو) اللہ کا ان سے وعدہ ہے کہ (آخرت میں) ان کے لئے مغفرت اور بڑا اجر ہے۔

قرآن، سورت المائدۃ، آیت نمبر 09

لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوا إِذَا مَا اتَّقَوا وَّآمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ثُمَّ اتَّقَوا وَّآمَنُوا ثُمَّ اتَّقَوا وَّأَحْسَنُوا ۗ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ﴿٩٣﴾

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے وہ جو کچھ (حرمت کے حکم سے پہلے) کھا (پی) چکے ہیں اس کے لئے ان پر کوئی گناہ نہیں جب کہ وہ (آئندہ کے لئے) پرہیز گار ہو گئے اور ایمان لائے اور نیک کام کئے (اور جب انہیں کسی بات سے روکا گیا) تو (اس سے بھی) پرہیز کیا اور (حکمِ الٰہی پر) ایمان لائے اور (اسی طرح) پھر (روکے گئے تو پھر بھی) پرہیز کیا (اور حکمِ الٰہی پر ایمان لائے) اور اچھے کام کئے، (تو یقیناً ایسے لوگوں سے ان کی سابقہ لغزشوں پر کوئی مواخذہ نہیں، وہ نیکوکار ہیں) اور اللہ نیکوکاروں کو دوست رکھتا ہے۔

قرآن، سورت المائدۃ، آیت نمبر 93

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٤٢﴾

اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے (اور یاد رہے، ہمارا قانون یہ ہے کہ) ہم کسی پر اس کی برداشت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتے (تو) یہی لوگ جنت والے ہیں، ہمیشہ (ہمیشہ) اسی میں رہنے والے۔

قرآن، سورت الاعراف، آیت نمبر 42

إِنَّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ بِالْقِسْطِ ۚ

وہی ہے جو پیدائش کی ابتدا کرتا ہے پھر وہی اس کو دہرائے گا تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے انہیں انصاف کے ساتھ (ان کے کئے کا) بدلہ دے۔

قرآن، سورت یونس، آیت نمبر 04

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ يَهْدِيهِمْ رَبُّهُم بِإِيمَانِهِمْ ۖ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ﴿٩﴾

(مگر) جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے تو ان کے ایمان کی وجہ سے ان کا رب انہیں (نجات کا) راستہ دکھادے گا اور نعمت بھرے باغوں میں ان کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔

قرآن، سورت یونس، آیت نمبر 09

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَأَخْبَتُوا إِلَىٰ رَبِّهِمْ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٣﴾

(لیکن) جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے اور اپنے رب کے آگے عاجزی کرتے رہے، (تو) وہی لوگ جنتی ہیں (اور) وہ جنت میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے۔

قرآن، سورت ھود، آیت نمبر 23

الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ طُوبَىٰ لَهُمْ وَحُسْنُ مَآبٍ ﴿٢٩﴾

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام (بھی) کئے ان کے لئے (آخرت میں) خوشحالی ہے اور بہت اچھا ٹھکانا۔

قرآن، سورت الرعد، آیت نمبر 29

وَأُدْخِلَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ ۖ تَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلَامٌ ﴿٢٣﴾

اور (بخلاف اس کے) جو لوگ (دنیا میں) ایمان لائے تھے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے تھے وہ ایسے باغوں میں داخل کئے جائیں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ ان میں وہ اپنے رب کے حکم سے ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے (اور) وہاں ان کا استقبال سلامٌ علیکم سے ہوگا۔

قرآن، سورت ابراہیم، آیت نمبر 23

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ إِنَّا لَا نُضِيعُ أَجْرَ مَنْ أَحْسَنَ عَمَلًا ﴿٣٠﴾

بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے (تو ان کے لئے کوئی اندیشہ نہیں)۔ جس نے اچھے کام کئے ہوں ہم کبھی اس کا اجر ضائع نہیں کرتے۔

قرآن، سورت الکھف، آیت نمبر 30

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾

البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے ان کی مہمانی کے لئے فردوس (بریں) کے باغ ہوں گے۔

قرآن، سورت الکھف، آیت نمبر 107

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمَٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے (تو) یقیناً (اللہ) رحمن ان کے لئے (لوگوں کے دلوں میں) محبت پیدا کر دے گا۔

قرآن، سورت مریم، آیت نمبر 96

إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيدُ ﴿١٤﴾

(اس کے برعکس) جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے تو اللہ ضرور انھیں ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی۔ بیشک اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

قرآن، سورت الحج، آیت نمبر 14

إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤًا ۖ وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ ﴿٢٣﴾

(دوسری طرف)جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے ان کو اللہ ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی۔ وہاں انھیں سونے کے کنگن اور موتی (کے ہار) پہنائے جائیں گے اور لباس ان کا ریشمی ہوگا۔

قرآن، سورت الحج، آیت نمبر 23

فَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٥٠﴾

پس جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے تو (اس کے صلے میں) ان کے لئے مغفرت ہے اور عزت کی روزی۔

قرآن، سورت الحج، آیت نمبر 50

فَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ﴿٥٦﴾

وہ ان (سب) کے درمیان (ان کے باہمی اختلافات کا) فیصلہ کردے گا۔ پس جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے وہ نعمت بھرے باغوں میں ہوں گے۔

قرآن، سورت الحج، آیت نمبر 56

وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ﴿٥٥﴾

تم میں سے جو لوگ ایمان لائیں اور نیک عمل (بھی) کریں ان سے اللہ کا وعدہ ہے کہ ان کو زمین میں خلافت عطا کرے گا جیسے ان سے پہلے (گزرے ہوئے) لوگوں کو عطا کی تھی، اور جس دین کو اس نے ان کے لئے پسند کیا ہے اس کو ان کے لئے جما کر رہے گا اور ان کی (موجودہ) حالت خوف کو امن سے بدل دے گا (بشرطیکہ) وہ ہماری

عبادت کریں اور ہمارے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں۔ اور جو شخص اس (وعدے کے ظہور) کے بعد ناشکری کرے تو ایسے ہی لوگ نافرماں ہیں۔

قرآن، سورت النور، آیت نمبر 55

هَلْ أُنَبِّئُكُمْ عَلَىٰ مَن تَنَزَّلُ الشَّيَاطِينُ ﴿٢٢١﴾ تَنَزَّلُ عَلَىٰ كُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ ﴿٢٢٢﴾ يُلْقُونَ السَّمْعَ وَأَكْثَرُهُمْ كَاذِبُونَ ﴿٢٢٣﴾ وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُونَ ﴿٢٢٤﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ فِي كُلِّ وَادٍ يَهِيمُونَ ﴿٢٢٥﴾ وَأَنَّهُمْ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ ﴿٢٢٦﴾ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَذَكَرُوا اللَّهَ كَثِيرًا وَانتَصَرُوا مِن بَعْدِ مَا ظُلِمُوا ۗ وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنقَلَبٍ يَنقَلِبُونَ ﴿٢٢٧﴾

اور (اے پیغمبر، ان لوگوں سے کہو کہ) میں تمہیں بتاؤں شیاطین کس پر اترا کرتے ہیں؟۔ وہ ہر جھوٹے بدکار پر اترا کرتے ہیں۔ سنی سنائی باتیں کانوں میں پھونکتے ہیں اور ان میں سے اکثر جھوٹے ہوتے ہیں۔ اور (یہ پیغمبر شاعر بھی نہیں جیسا کہ یہ منکرین خیال کرتے ہیں۔ کیونکہ) شاعر (تو خود گمراہ ہوتے ہیں اور) ان کی پیروی بھی گمراہ (لوگ ہی) کرتے ہیں۔ کیا تم دیکھتے نہیں ہو کہ یہ (شاعر خیالی باتوں کے) ہر ایک میدان میں سرگرداں پھرا کرتے ہیں۔ اور ایسی باتیں کہا کرتے ہیں جو خود نہیں کرتے ہاں مگر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے اور کثرت سے اللہ کا ذکر کیا اور جب ان پر ظلم کیا گیا تو اس کا (واجبی) بدلہ لے لیا۔ اور جن لوگوں نے ظلم کیا ہے ان کو عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ کیسی جگہ ان کو لوٹ کر جانا ہے۔

قرآن، سورت الشعراء، آیت نمبر 221-227

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَحْسَنَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٧﴾

اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے (تو) ہم ضرور ان کے گناہ ان سے دور کردیں گے اور جو (نیک) عمل وہ کرتے رہے ہیں ہم ان کو (ان کے ان اعمال کا) بہتر سے بہتر بدلہ دیں گے۔

قرآن، سورت العنکبوت، آیت نمبر 07

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصَّالِحِينَ ﴿٩﴾

اور جو لوگ ایمان لائے ہوں گے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے ہوں گے (تو آخرت میں) ہم ضرور ان کو نیک بندوں میں داخل کریں گے۔

قرآن، سورت العنکبوت، آیت نمبر 09

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُبَوِّئَنَّهُم مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ نِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ ﴿٥٨﴾

اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے ان کو ہم بہشت کے بالاخانوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی (اور وہ) ان میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے۔ (کیا ہی) اچھا اجر ہے (نیک) عمل کرنے والوں کا۔

قرآن، سورت العنکبوت، آیت نمبر 58

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَهُمْ فِي رَوْضَةٍ يُحْبَرُونَ ﴿١٥﴾

پھر جو لوگ ایمان لائے تھے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے تھے تو وہ باغ (بہشت) میں ہوں گے (اور) ان کی خاطر داریاں ہو رہی ہوں گی۔

قرآن، سورت الروم، آیت نمبر 15

وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِأَنفُسِهِمْ يَمْهَدُونَ ﴿٤٤﴾ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِن فَضْلِهِ ۚ

جس نے نیک عمل کیا ہے تو ایسے ہی لوگ اپنے لئے (دائمی آرام و راحت کا) سامان کر رہے ہیں (جس کا حاصل یہ ہو گا) کہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے ان کو اللہ اپنے فضل (و کرم) سے (ان کے کئے کا) بدلہ دے گا۔

قرآن، سورت الروم، آیت نمبر 44-45

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتُ النَّعِيمِ ﴿٨﴾

البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کیئے ان کے لئے نعمت بھری جنتیں ہیں۔

قرآن، سورت لقمٰن، آیت نمبر 08

أَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ جَنَّاتُ الْمَأْوَىٰ نُزُلًا بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٩﴾

(تو) جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کیئے ان کے لئے رہنے کو باغ ہوں گے۔(یہ) مہمان داری ان کے (نیک) عملوں کا بدلہ (ہوگا) جو وہ (دنیا میں) کرتے رہے۔

قرآن، سورت السجدۃ، آیت نمبر 19

لِّيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۚ أُولَٰئِكَ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٤﴾

(اور یہ قیامت اس لئے آئے گی) کہ اللہ صلہ دے ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کیئے۔ایسے لوگوں کے لئے مغفرت ہے اور عزت کی روزی۔

قرآن، سورت سباء، آیت نمبر 04

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿٧﴾

اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کیئے ان کے لئے مغفرت اور بڑا اجر ہے۔

قرآن، سورت فاطر، آیت نمبر 07

وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ الْخُلَطَاءِ لَيَبْغِي بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَقَلِيلٌ مَّا هُمْ ۗ

اور یہ واقعہ ہے کہ مل جل کر رہنے والے لوگ اکثر ایک دوسرے پر (اسی طرح) زیادتی کیا کرتے ہیں، مگر (ہاں) جو لوگ ایمان رکھتے اور نیک عمل کرتے ہیں (وہ اس سے بچے ہوئے ہیں) اور ایسے لوگ بہت ہی کم ہیں۔

قرآن، سورت ص، آیت نمبر 24

أَمْ نَجْعَلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَالْمُفْسِدِينَ فِي الْأَرْضِ أَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِينَ كَالْفُجَّارِ ﴿٢٨﴾

کیا ہم ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے زمین میں فساد مچانے والوں کی طرح کر دیں؟ کیا ہم پرہیز گاروں کو بدکاروں جیسا کر دیں؟

قرآن، سورت ص، آیت نمبر 28

وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَلَا الْمُسِيءُ ۚ قَلِيلًا مَّا تَتَذَكَّرُونَ ﴿٥٨﴾

اور (دیکھو،) اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں ہو سکتا اور (اسی طرح) جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے وہ اور بدکار (برابر نہیں ہو سکتے، مگر) تم لوگ کم ہی سمجھتے ہو۔

قرآن، سورت غافر، آیت نمبر 58

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴿٨﴾

البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے ان کے لئے (آخرت میں) بڑا اجر ہے جو (کبھی) ختم ہونے والا نہیں۔

قرآن، سورت فصلت، آیت نمبر 08

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فِي رَوْضَاتِ الْجَنَّاتِ ۖ لَهُم مَّا يَشَاءُونَ عِندَ رَبِّهِمْ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيرُ ﴿٢٢﴾ ذَٰلِكَ الَّذِي يُبَشِّرُ اللَّهُ عِبَادَهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۗ

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے وہ جنت کے باغوں میں ہوں گے (اور) جو کچھ بھی وہ چاہیں گے ان کے رب کے ہاں ان کے لئے (موجود) ہوگا۔ یہی تو اللہ کا بڑا فضل ہے۔ (اور) یہی (تو) وہ نعمت ہے جس کی خوشخبری اللہ اپنے ان بندوں کو دیتا ہے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے۔

قرآن، سورت الشوریٰ، آیت نمبر 22-23

وَيَسْتَجِيبُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَيَزِيدُهُم مِّن فَضْلِهِ ۚ

اور وہ ان لوگوں کی (دعائیں) قبول کرتا ہے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے۔ اور وہ اپنے فضل سے ان کو (استحقاق سے) بڑھ کر (ثواب) دیتا ہے۔

قرآن، سورت الشوریٰ، آیت نمبر 26

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ أَن نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَوَاءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۚ سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ﴿٢١﴾

کیا ان لوگوں نے جو بدکرداریوں کے مرتکب ہوتے رہتے ہیں یہ خیال کر رکھا ہے کہ ہم ان کو انہی لوگوں جیسا کر دیں گے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے کہ ان (سب) کا جینا اور مرنا یکساں ہو جائے؟ بہت ہی برا حکم ہے جو یہ لوگ لگاتے ہیں۔

قرآن، سورت الجاثیۃ، آیت نمبر 21

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِي رَحْمَتِهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ ﴿٣٠﴾

پھر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے تو ان کا رب انہیں اپنی رحمت میں داخل کرے گا۔ یہی صریح کامیابی ہے۔

قرآن، سورت الجاثیۃ، آیت نمبر 30

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَأَصْلَحَ بَالَهُمْ ﴿٢﴾

اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے اور ایمان لائے اس چیز پر جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کی گئی ہے۔ اور وہی حق ہے ان کے رب کی طرف سے۔ اللہ ان کے گناہ ان پر سے اتار دے گا اور ان کی (دینی و دنیوی) حالت (بھی) درست کردے گا۔

قرآن، سورت محمد ﷺ، آیت نمبر 02

إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے، یقیناً اللہ انہیں (بہشت کے ایسے) باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی۔

قرآن، سورت محمد ﷺ، آیت نمبر 12

وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا ﴿٢٩﴾

اللہ نے ان لوگوں سے جو (خلوص دل سے) ایمان لائے ہیں اور جنہوں نے نیک عمل (بھی) کئے ہیں مغفرت اور اجر عظیم کا وعدہ فرمایا ہے۔

قرآن، سورت الفتح، آیت نمبر 29

رَّسُولًا يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِ اللَّهِ مُبَيِّنَاتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ قَدْ أَحْسَنَ اللَّهُ لَهُ رِزْقًا ﴿١١﴾

(اور ایک ایسا) رسول (بھیجا ہے) جو تم کو اللہ کی کھلی کھلی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے تاکہ جو لوگ ایمان لائیں اور نیک عمل کریں وہ ان کو (کفر کی) تاریکیوں سے نکال کر (ایمان کی) روشنی میں لے آئے۔ اور جو کوئی اللہ پر ایمان لائے

گا اور نیک عمل کرے گا اللہ اسے ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور یہ لوگ ان میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے۔ بیشک اللہ نے ایسے شخص کے لئے بہترین رزق رکھا ہے۔

قرآن، سورت الطلاق، آیت نمبر 11

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴿٢٥﴾

البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے ان کے لئے کبھی ختم نہ ہونے والا اجر ہے۔

قرآن، سورت الانشقاق، آیت نمبر 25

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ ﴿١١﴾

البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے ان کے لئے (بہشت کے) باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ یہ ہے بڑی کامیابی۔

قرآن، سورت البروج، آیت نمبر 11

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴿٦﴾

مگر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے ان کے لئے بے انتہا اجر ہے۔

قرآن، سورت التین، آیت نمبر 06

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُولَٰئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ﴿٧﴾

(مگر) بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے (تو) یہی لوگ بہترین خلائق ہیں۔

قرآن سورت البینہ، آیت نمبر 07

وَالْعَصْرِ ﴿١﴾ إِنَّ الْإِنسَانَ لَفِي خُسْرٍ ﴿٢﴾ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ﴿٣﴾

(ہم کو) زمانے کی قسم کہ انسان یقیناً خسارے میں ہے، مگر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل (بھی) کئے، اور ایک دوسرے کو حق کی نصیحت اور صبر کی تلقین کرتے رہے (وہ البتہ خسارے میں نہیں ہیں)۔

قرآن، سورت العصر، آیت نمبر 01-03

Contact us:-

ہم سے رابطہ کریں!

https://www.facebook.com/Islamic.Reformatory.Centre